**AQF / Tausif**

**08-09-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................ کلیم احمد

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 وزیر اعظم نریندر مودی آج گجرات میں وڈودرہ سے 35 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔ وزیر اعظم ممبئی میں گلوبل **Fintech Fest 2026** کا افتتاح بھی کریں گے۔

☆ دفاعی سامان کی سرکاری خرید سے متعلق کونسل نے دفاعی افواج کیلئے ایک لاکھ **10** ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کی تجویزوں کو منظوری دے دی ہے۔

☆ لکژمبرگ نے اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں مستقل رکنیت کی بھارت کی کوشش کی حمایت کی ہے۔

☆ بھارت نئے سلسلے کے **6G** نیٹ ورک کے فروغ میں امریکہ اور **24** دیگر ملکوں کے ساتھ شامل ہوگیا ہے۔

☆ دلّی پولیس نے قومی راجدھانی کے ستیہ نکیتن علاقے میں ڈھ جانے والی عمارت کے مالک سمیت تین افراد کو گرفتار کیا ہے۔

☆ اور آج احمدآباد میں عالمی تیر اندازی پیرا سیریز میں بھارتی کھلاڑی چار فائنل مقابلوں میں حصہ لیں گے۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM-GUJ-MAHA VISIT**

وزیر اعظم نریندر مودی آج گجرات اور مہاراشٹر کے دورے پر جارہے ہیں۔ گجرات میں وزیر اعظم وڈودرہ سے **35** ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے، افتتاح کریں گے اور ملک کے نام وقف کریں گے۔ جناب مودی باربرداری کیلئے مخصوص مغربی کوریڈور کے تین اہم سیکشن بھی ملک کے نام معنون کریں گے۔ اِس طرح یہ پروجیکٹ مکمل ہو جائے گا۔ اِدھر مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے احمدآباد ہوائی اڈے پر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ یہ بڑا پروجیکٹ اب پوری طرح مکمل ہوگیا ہے اور اِسے وزیر اعظم باضابطہ طور پر ملک کے نام وقف کریں گے۔

**SB - Ashwini Vaishnaw**

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ VC - Aparna Khunt

وزیراعظم کے دورے کے دوران 326 کلومیٹر پر مشتمل باربرداری کے مخصوص مغربی کاریڈور کے تین سیکشن کو ملک کے نام وقف کیا جانا بڑی اہمیت کا حامل ہوگا۔ اس کی تعمیر پر 20 ہزار 700 کروڑ روپے خرچ کئے گئے ہیں۔ وزیراعظم New Sanand، New Makarpura، New Umbergaon اور New JNPT سے مال گاڑیوں کے ساتھ ساتھ ٹانڈا روڈ اور وڈودرہ کے درمیان ایک نئی مسافر ٹرین کو جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے، جو Alirajpur کے دور دراز کے قبائلی علاقوں کو ریلوے کے قومی نظام سے جوڑے گی۔ اس کے علاوہ جناب مودی گجرات اور مدھیہ پردیش میں کنکٹی وٹی کو مضبوط بنانے کی خاطر 9 ہزار 700 کروڑ روپے مالیت کے تین ریلوے پروجیکٹ اور تقریباً ایک ہزار 780 کروڑ روپے مالیت کے تین قومی شاہراہ پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گے۔ وہ Kadana Dam پر 110 میگاواٹ کے شمسی پلانٹ اور PMAY ہاؤسنگ یونٹ سمیت دو ہزار 600 کروڑ روپے مالیت کے گجرات حکومت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز بھی کریں گے۔ بعد میں وزیراعظم BJP کے AI سے آراستہ اور High-Tech دفتر کے افتتاح کیلئے Navsari بھی جائیں گے۔

اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

مہاراشٹر میں وزیر اعظم ممبئی میں گلوبل Fintech Fest 2026 کا افتتاح کریں گے اور وہاں موجود لوگوں سے خطاب کریں گے۔ اِس کانفرنس کا موضوع ہے ''امکانات سے اثرات تک، جامع Finance کیلئے Agentic AI، کوانٹم، بھروسے مند، باہم منسلک عالمی نظام''۔ گلوبل Fintech Fest میں ہونے والے تبادلۂ خیال میں اِس بات پر توجہ مرکوز کی جائے گی کہ کس طرح AI، کوانٹم ٹیکنالوجی اور دیگر اہم نیز ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیاں، عالمی سطح پر شہریوں، کاروباری اداروں اور معیشتوں کیلئے بھروسہ مند، جامع اور ٹھوس نتائج پیدا کرسکتی ہیں۔

سال 2020 سے گلوبل Fintech Fest ایک لیڈرشپ پلیٹ فارم کے طور پر ابھرا ہے، جس میں پالیسی ساز، انضباطی ادارے، مرکزی بینک، مالی ادارے، Fintechs، ٹیکنالوجی کمپنیاں، سرمایہ کار، تعلیمی ماہرین اور دیگر عالمی متعلقہ ادارے Finance کے مستقبل اور اِسے سنوارنے کے بارے میں تبادلۂ خیال کرتے ہیں۔ یہ ساتواں Fintech Fest ممبئی میں اِس مہینے کی 11 تاریخ تک جاری رہے گا۔×

## DEF-DAC APPROVAL

دفاعی سامان کی سرکاری خرید سے متعلق کونسل نے دفاعی افواج کیلئے ایک لاکھ دس ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت

کی تجویزوں کو منظوری دے دی ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کی صدارت میں کونسل کی میٹنگ کے دوران یہ منظوری دی گئی۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ VC Saklen

اِن تجویزوں میں بھارتی فوج کیلیے کیمیکل، بایولوجیکل اور ریڈیولوجیکل نیز نیوکلیائی ٹوہ لینے والی گاڑیوں، ہائی موبیلٹی گاڑیوں، جدید طرز کے ہلکے ہیلی کاپٹروں، Trawl ٹینک اور Sarvatra Bridge نظام کی سرکاری خرید کی تجویزیں شامل ہیں۔ بھارتی بحریہ کیلیے Arudhra راڈار کی سرکاری خرید اور میرین گیس ٹربائن کے ڈیزائن اور تیاری نیز اس کی سرکاری خرید کیلیے تجویز کو بھی منظوری دی گئی ہے۔ Arudhra راڈار بحریہ کے مختلف ایئر اسٹیشنوں پر نصب موجودہ ایئر روٹ نگرانی راڈار کی جگہ لے گا۔ اس طرح غیرملکی اداروں پر انحصار کم ہوجائے گا۔ ادھر بھارتی فضائیہ کیلیے مقابلہ کرنے کی صلاحیت بڑھانے کی خاطر مختلف تجویزوں کو منظوری دی گئی ہے۔ کثیرمقصدی Jammer کی سرکاری خرید اور دفاعی افواج کا محفوظ رسائی کا کارڈ نظام نصب کرنے کی بھی منظوری دی گئی ہے۔ دفاع کی وزارت نے کہا ہے کہ ان میں سے 98 فیصد دفاعی سامان کی سرکاری خرید بھارتی صنعتوں سے کی جائے گی۔
دلّی سے ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں......

## LUXEMBOURG-IND-UNSC

لکژمبرگ کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ Xavier Bettel نے اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں مستقل رکنیت کیلیے بھارت کی کوشش کی یہ کہتے ہوئے حمایت کی ہے کہ عالمی ادارے میں اصلاحات کی جانی چاہئیں، تاکہ موجودہ عالمی نظام کے حقائق کی عکاسی ہوسکے۔ ایک خبر رساں ایجنسی کے ساتھ انٹرویو میں جناب Bettel نے کہا کہ بھارت کے وسیع و عریض ہونے اور اِس کی عالمی اہمیت کے مدنظر توسیع شدہ سلامتی کونسل میں اِس کا شامل کیا جانا ضروری ہے۔ انہوں نے بھارت اور برازیل کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ UN سلامتی کونسل میں اُن بڑے ملکوں کو شامل کرکے توسیع کی جاسکتی ہے، جن کا سردست کوئی مستقل رول نہیں ہے۔ جناب Bettel نے موجودہ ویٹو نظام پر نکتہ چینی بھی کی اور اِسے دوسری عالمی جنگ کے باقیات سے تعبیر کیا۔ انہوں نے کہا کہ کسی ایک ملک کو اُن فیصلوں کو روکنے کا اختیار نہیں ہونا چاہئے، جن کی حمایت وسیع تر بین الاقوامی برادری نے کی ہو۔ لکژمبرگ کے نائب وزیر اعظم بھارت کے تین دن کے سرکاری دورے پر آئے ہوئے ہیں۔×

## IND-6G NETWORK

بھارت نئے سلسلے کے 6G نیٹ ورک کے فروغ کے مقصد سے امریکہ اور 24 دیگر ملکوں کے ساتھ بین الاقوامی

پہل میں شامل ہوگیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر امریکہ کے کامرس کے محکمے نے کہا ہے کہ اِس کوشش کا مقصد اِس بات کو یقینی بنانا ہے کہ نئے سلسلے کے نیٹ ورک سے مشترکہ سکیورٹی مفادات کی عکاسی ہو، مسابقت مستحکم ہو اور اختراع کو بڑھاوا ملے۔ امریکہ کے Miami میں G20 کے اختراعی وزیروں کی کانفرنس کے موقعے پر امریکہ کے کامرس کے وزیر Howard Lutnick کے ساتھ کامرس اور صنعتوں کے مرکزی وزیرِ مملکت Jitin Prasad کی ملاقات کے بعد یہ اعلان سامنے آیا ہے۔ دونوں رہنماؤں نے 6G تکنیک کے مستقبل اور نئے سلسلے کا ٹیلی مواصلاتی نیٹ ورک تیار کرنے میں بین الاقوامی اشتراک کی اہمیت پر تبادلہٗ خیال کیا۔×

**IRAN-IND BIRCS**

ایران نے برکس سربراہ کانفرنس کیلئے صدر مسعود Pezeshkian کے نئی دلّی کے دورے سے قبل، ایک اہم سفارتی مرکز کے طور پر بھارت کے رول کو اجاگر کیا ہے اور یہ امید ظاہر کی ہے کہ یہ گروپ دو طرفہ تجارتی اور کلیدی اشتراک کو مزید مستحکم بنانے کا ایک مضبوط پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔

ایک پریس بریفنگ کے دوران، ایران کی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ ایران، بھارت کے ساتھ طویل عرصے سے قائم اپنے تعلقات کو کس قدر اہمیت دیتا ہے۔ برکس سربراہ کانفرنس میں صدر Pezeshkian کی شرکت کے تعلق سے جناب بقائی نے یہ اعتماد ظاہر کیا کہ کثیر رخی سفارتکاری سے دو طرفہ تعلقات میں اور تیزی کے ساتھ پیشرفت ہوگی۔ برکس سربراہ کانفرنس اِس مہینے کی 12 اور 13 تاریخ کو نئی دلّی میں ہونے والی ہے۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**ISRAEL-LEBANON ATTACK**

جنوبی لبنان کے ایک گاؤں میں اسرائیلی فضائی حملوں میں 12 لوگ ہلاک ہوگئے۔ رات کے وقت ایک حملے میں Kfar Roummane میں ایک رہائشی عمارت میں، دو بچے اور 4 خواتین سمیت 11 افراد کی موت ہوگئی۔ ایک گاڑی پر ہوئے حملے میں ایک طبی کارکن ہلاک ہوگیا۔ اسرائیلی فوج نے کہا کہ اُس نے ایران کی حمایت یافتہ مسلح گروپ حزب اللہ کے بنیادی ڈھانچے سمیت کئی دہشت گردوں کو نشانہ بنایا تھا، جو ہتھیار لے جارہے تھے۔ اُس کا کہنا ہے کہ یہ حملے اُس نے ملک کے مقبوضہ علاقے میں فوجیوں پر کئے گئے ایک ڈرون حملے کے جواب میں کئے ہیں۔×

**DP-ARRESTS**

دلّی پولیس نے نئی دلّی کے ستیہ نکیتن میں عمارت ڈھہ جانے کے معاملے میں تین افراد کو گرفتار کیا ہے اور اپنی تحقیقات تیز کردی ہیں۔ اِس واقعے میں 7 افراد کی موت ہوئی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **VC - Dilnashi Aarzoo**

دلّی پولیس نے اِس واقعے کے سلسلے میں عمارت کی مبینہ مالکن، اُس کے شوہر اور بیٹے کو گرفتار کرلیا ہے۔ یہ واقعہ اِس مہینے کی 6 تاریخ کو پیش آیا تھا۔ مبینہ مالکن اور اُس کے شوہر کو 14 دن کیلئے عدالتی تحویل میں بھیج دیا گیا ہے، جبکہ بیٹے کو دو دن کیلئے پولیس تحویل میں دیا گیا ہے۔ دلّی پولیس کے ڈی سی پی **Abhimanyu Poswal** نے بتایا کہ یہ پراپرٹی ایک خاتون کے نام رجسٹرڈ ہے۔ عمارت کا بجلی کا کنکشن اُس کے شوہر کے نام ہے، جبکہ بیٹا اِس کا مینجمنٹ سنبھال رہا تھا۔

***SB - Abhimanyu Poswal***

اِس واقعے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد 7 ہوگئی ہے۔ مجموعی طور پر 12 زخمیوں کو دلّی کے ایمس اسپتال لایا گیا تھا۔ اسپتال کے مطابق، جن تین افراد کو بچایا گیا تھا، اُن کی حالت نازک ہے، جبکہ 2 کی حالت میں استحکام ہے اور اِن میں سے ایک کو ڈسچارج کردیا گیا ہے۔ اِدھر دلّی سرکار نے دلّی میونسپل کارپوریشن MCD کے 5 اہلکاروں کو معطل کردیا ہے۔

دلّی سے دلنشیں عارزو کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......

**UP-FLOOD**

بارش ہونے اور باندھ سے پانی چھوڑے جانے کی وجہ سے اترپردیش کے 25 اضلاع میں سیلاب جیسی صورتحال پیدا ہوگئی ہے۔ ریاست کے کئی اضلاع میں گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران اوسط سے شدید بارش ریکارڈ کی گئی ہے۔ بریلی، **Etah**، شاہجہاں پور، بہرائچ اور لکھیم پور کھیری گزشتہ 24 گھنٹے میں بارش کے لحاظ سے ملک کے پانچ سب سے زیادہ بارش والے اضلاع میں شامل ہیں۔ شدید بارش کے پیش نظر بریلی میں اگلے دو دن کیلئے تمام اسکول بند کردیئے گئے ہیں اور سرکاری اہلکاروں کی چھٹیاں منسوخ کردی گئی ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V-C Sushil Tiwari**

ریاست کے ریلیف کمشنر کے دفتر کے مطابق سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی ٹیموں کی رسائی یقینی بنانے کیلئے کشتیوں اور موٹر بوٹس کو لگایا گیا ہے۔ سیلاب کے بعد اِنفیکشن اور پانی سے ہونے والی بیماریوں کے خدشے کے پیش نظر صحت سے متعلق محکمے کو بھی پوری طرح مستعد کردیا گیا ہے۔ ادھر

*بدایوں اور بلیا میں گنگا، شاہجہاں پور میں رام گنگا، بارہ بنکی اور ایودھیا میں گھاگھرا، جبکہ لکھیم پور کھیری میں شاردا دریا خطرے کے نشان سے اوپر بہہ رہے ہیں۔ پیلی بھیت میں گزشتہ دو دن سے لگاتار بارش ہونے اور باندھ سے پانی چھوڑے جانے کی وجہ سے شاردا اور Devha دریا طغیانی پر ہیں۔ سیلاب کے اِمکان کے پیشِ نظر انتظامیہ کی جانب سے الرٹ جاری کیا گیا ہے۔پوَرن پور، Sadar، کالی نگر اور Bisalpur تحصیلوں کے تقریباً تین درجن گاؤں زیر آب آ گئے ہیں۔ شاردا دریا کے آس پاس کے علاقے میں فصلیں پانی میں ڈوب گئی ہیں اور سڑک رابطہ منقطع ہوگیا ہے۔محکمہ موسمیات نے آئندہ 24 گھنٹے کے دوران ریاست کے مشرقی ضلعوں میں شدید بارش کی وارننگ جاری کی ہے۔*

*لکھنؤ سے سشیل چندر تیواری کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

## IMD-WEATHER

بھارتی موسمیات محکمے نے اگلے دو دن کے دوران ملک کے شمال مشرقی حصوں میں تیز بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔ موسمیات محکمے کے مطابق، بہار، مشرقی مدھیہ پردیش، مشرقی اترپردیش، اُڈیشہ اور مغربی بنگال میں بھی اِسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔ اِدھر انڈمان نکوبار جزائر، مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی خطے، سکم اور تلنگانہ میں اگلے دو دن کے دوران گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔×

## MP-CM-UAE VISIT

مدھیہ پردیش کے وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو، اپنے تین روزہ دورے کے دوران آج دُبئی میں ریاست کیلئے سرمایہ کاری کو راغب کرنے کی خاطر کئی اہم میٹنگیں کریں گے۔ وہ متحدہ عرب امارات کے سرمایہ کاروں اور کاروباری رہنماؤں کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ جناب یادو، مدھیہ پردیش میں سرمایہ کاری کے مواقع اور حکومت کی، سرمایہ کاروں کیلئے سازگار پالیسیوں کے بارے میں تبادلہ خیال کریں گے۔×

## GREATER NOIDA-CONNECTIVITY

گریٹر نوئیڈا کی صنعتی ترقیاتی اتھارٹی GNIDA نے گریٹر نوئیڈا میں باربردار گاڑیوں اور مسافروں کی آمد ورفت کو علیحدہ کرنے اور ہاپوڑ بائی پاس تک 105 میٹر چوڑی سڑک تعمیر کرنے کی تجویز پیش کی ہے، تاکہ گنگا ایکسپریس وے سے کنکٹی وٹی کو بہتر بنایا جاسکے۔ کل لکھنؤ میں صنعتی ترقی سے متعلق وزیر نندگوپال گپتا کی صدارت میں ایک میٹنگ کے دوران اس تجویز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔×

**WORLD PARA ARCHERY**

آج احمدآباد میں عالمی تیر اندازی پیرا سیریز میں بھارتی کھلاڑی چار فائنل مقابلوں میں حصہ لیں گے۔ Para Recurve خواتین کے ٹیم گولڈ فائنل میں بھارت کی بھاونا اور پوجا کا مقابلہ چین کی کھلاڑیوں سے ہوگا۔

اِدھر مردوں کے Para Recurve ٹیم گولڈ فائنل میں بھارت کے ہرِوِندر سنگھ اور وِجے Sundi سلوواکیہ کے کھلاڑیوں سے مقابلہ کریں گے۔ اِس کے علاوہ، بھارت مردوں کے Para Compound ٹیم فائنل میں بھی سونے کا تمغہ جیتنے کی کوشش کرے گا، جہاں شیام سندر سوامی اور Toman کمار کا مقابلہ عراق کے کھلاڑیوں سے ہوگا۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......کونین حیدر

شکریہ - کلیم احمد

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھاکرشنن نے گوہاٹی یونیورسٹی میں ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا، اِس خبر کو روزنامہ پرتاپ نے اپنے پہلے صفحہ پر اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ گوا کے پناجی میں مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کے زیر صدارت منعقدہ مغربی زونل کونسل کی 28 ویں میٹنگ میں وزیر داخلہ امت شاہ کے اس بیان کو اخبارات نے نمایاں کیا ہے کہ تمام زونل کونسلیں اب ریاستوں کے درمیان تنازعات سلجھانے کے پلیٹ فارم سے آگے بڑھ کر عوامی فلاحی اسکیموں کی نگرانی کا مؤثر ذریعہ بن گئی ہیں۔ اخبارات نے دفاعی خرید کی کونسل کی طرف سے ایک لاکھ 10 ہزار کروڑ روپے کے دفاعی سودوں کو منظوری دیئے جانے کی خبر کو بھی اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے کنفیڈریشن آف انڈین انڈسٹری کے کاروباری اعتماد کے سروے سے متعلق خبر کو شائع کرتے ہوئے سرخی لگائی ہے: مضبوط طلب اور معاشی اعداد وشمار سے کاروباری اعتماد کئی سہ ماہی کی بلند ترین سطح پر۔

اس کے علاوہ آج کے اخبارات کی چند بین الاقوامی خبروں کی سرخیاں اس طرح ہیں:

☆ بنگلہ دیش میں ڈینگی سے اب تک 117 اموات۔

☆ نیپال میں تباہ کن سیلاب میں جانی نقصان کی یاد میں قومی سوگ منایا گیا۔

☆ شمالی کوریا کا سمندری علاقوں میں طاقتور ترین ہتھیار تعینات کرنے کا اعلان۔

میامی میں کارگو طیارے کے رَنوے سے اُترنے سے پانچ افراد ہلاک۔×

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی آج گجرات میں وڈودرہ سے 35 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔ وزیر اعظم ممبئی میں گلوبل Fintech Fest 2026 کا افتتاح بھی کریں گے۔
- ☆ دفاعی سامان کی سرکاری خرید سے متعلق کونسل نے دفاعی افواج کیلئے ایک لاکھ 10 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کی تجویزوں کو منظوری دے دی ہے۔
- ☆ لکژمبرگ نے اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں مستقل رکنیت کی بھارت کی کوشش کی حمایت کی ہے۔
- ☆ بھارت نئے سلسلے کے 6G نیٹ ورک کے فروغ میں امریکہ اور 24 دیگر ملکوں کے ساتھ شامل ہوگیا ہے۔
- ☆ دلّی پولیس نے قومی راجدھانی کے ستیہ نکیتن علاقے میں ڈھہ جانے والی عمارت کے مالک سمیت تین افراد کو گرفتار کیا ہے۔
- ☆ اور آج احمدآباد میں عالمی تیر اندازی پیرا سیریز میں بھارتی کھلاڑی چار فائنل مقابلوں میں حصہ لیں گے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---